تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 18 2024

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ سماجیات کا ترقی یافتہ بھارت 2047 کے تحت 'تکثیریت اور جامعیت' کے عنوان سے پروگرام کا انعقاد

ترقی یافتہ بھارت 2047 کے حصے کے طور پر شعبہ سماجیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'ہندوستان میں تکثیریت اور جامعیت کے عنوان سے ایک مذاکرتی اجلاس کا انعقاد کیا۔اس مذاکرتی سیشن میں پروفیسر اروند انصاری نے مورخہ اٹھارہ جنوری دو ہزار چوبیس کو شعبے کے سیمینار ہال میں صبح گیارہ بجے خطبہ دیا۔ پروفیسر انصاری نے ہندوستان کے آئین میں شامل جامعیت اور ہمہ جہتی کی اقدار پر بحث کی اور آزاد ہندوستان کے رہنماؤں کے وژن کو اعزاز دینے کے لیے سول سوسائٹی کی ضرورت پر زور دیا۔ پروگرام میں شعبے اساتذہ،طلبا اور ریسرچ اسکالروں نے شرکت کی اور لیکچر کے موضوع سے متعلق سوالات بھی پوچھے اور اظہار خیال بھی کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی